# 20936 ـ کیا زکاۃ کے مال سے مسلمان قیدی چھڑانے جائز ہیں ؟

## سوال

کیا زکاۃ کے مال سے مسلمان قیدیوں کو چھڑانا مندرجہ ذیل فرمان باری تعالی میں داخل ہے:

اور غلام آزاد کرانے میں . ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کفار کے ہاتھوں سے مسلمان قیدیوں کو آزاد کروانا غلام آزاد کرانے سے افضل اور بہتر ہے، اور اس فرمان باری تعالی میں بالاولی داخل ہوتا ہے، کیونکہ ان قیدیوں کا اپنے اہل و عیال سے جدا ہونے میں انہیں ضرر اور نقصان ہے، اور اس میں ان کی تذلیل اور توہین اور تعذیب ہے، لہذا انہیں آزاد کروانا اور چھڑانا غلام آزاد کرانے سے اولی اور افضل ہے.